2021年12月13日ジャング紙ラーワルピンディー版1面

# غیر قانونی ماہی گیری کیخلاف سخت ایکشن لیا جائے، وزیر اعظم، معاملے پر وزیر اعلیٰ سے بات کرنے کی یقین دہانی

**اسٹاف رپورٹر**

**13دسمبر ، 2021**

اسلام آباد (نیوزرپورٹر، اے پی پی، مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم عمران خان نے گوادر کے ماہی گیروں کے جائز مطالبات کا نوٹس لیا ہے۔ اتوار کو اپنے بیان میں عمران خان نے کہا کہ ٹرالرز کے ذریعے غیر قانونی ماہی گیری کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور میں اس معاملے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سے بھی بات کروں گا۔ وزیر اعظم نے وزارت داخلہ سے گوادر میں غیر قانونی ماہی گیری پر رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ذرائع کے مطا بق وزیر اعظم نے اس معاملے پر کمیٹی بھی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی وزارت داخلہ، سندھ حکومت، بلوچستان حکومت، پاکستان کوسٹ گارڈز اور دیگر اداروں سے مشاورت کر رہی ہے۔ کمیٹی 3 دنوں میں وزیراعظم کو اپنی سفارشات سے آگاہ کرے گی۔ادھر معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعظم نے ہدایت کی ہے کہ گوادر سے منسلک غیر قانونی ماہی گیری کے مسئلے کو فوری حل کرنے کے لئے اقدامات کئے جائیں‘ اس کمیٹی میں تمام اداروں کے لوگ شامل ہیں تا کہ ایک دوررس اور جامع حل نکالا جائے، اگلے 3 دن میں اس کمیٹی کی سفارشات جمع ہوں گی اور اس مسئلے کو حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ہمیشہ غریب کے ساتھ کھڑے ہیں،کسی صورت کسی غریب کا استحصال نہیں ہونے دیا جائے گا۔بلوچستان وزیر اعظم کے دل کے قریب ہے۔دوسری جانب وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کی جانب سے گوادر تحریک کے مطالبات کا نوٹس لینے کا خیر مقدم کرتے ہیں، مطالبات کے تحت بیشتر اقدامات پر عملدرآمد جاری ہے، غیر قانونی ماہی گیری اور ٹرالنگ کی روک تھام یقینی بنا رہے ہیں اور غیر ضروری چیک پوسٹوں کو ختم کر دیا گیا ہے۔ مطالبات کےحوالے سے وزیر اعظم عمران خان کی یقین دہانی خوش آئند ہے، گوادر تحریک کےمطالبات انسانی حقوق کےتحفظ پر مبنی ہیں، مطالبات پہلے ہی سے موجودہ حکومت کی پالیسی میں شامل ہیں، صوبائی حکومت اپنی پالیسی اور گوادر تحریک کے مطالبات کے تحت بیشتر اقدامات پر عملدرآمد کررہی ہے، گوادر تحریک کے مطالبات پر پیشرفت کے حوالے سے وزیر اعظم کو مفصل رپورٹ پیش کرینگے۔ ادھر بلوچستان کے ساحلی شہر گوادر میں پورٹ روڈ پر "گوادر کو حق دو" تحریک کا دھرنا اتوار کو 28 ویں روز بھی جاری رہا۔تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند نے مولانا ہدایت الرحمٰن سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور حق دو تحریک کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ دوسری جانب گوادر میں احتجاج کرنے والی بلوچستان کو حق دو تحریک کے روحِ رواں مولانا ہدایت الرحمٰن نے وزیر اعظم عمران خان کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے

کہ ہم ضدی لوگ نہیں ہیں، مسائل کے حل پر یقین رکھتے ہیں،انہوں نے کہا کہ گوادر کے مسائل حل ہوں تو ہم سے زیادہ خوشی کسے ہو گی، مسئلہ عمل درآمد کا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم عمران خان نے نوٹس لیا ہے تو عمل درآمد کی توقع ہے، امید ہے پوری ہو گی۔